Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

پاکستان تحریک انصاف کی شمالی وزیرستان میں سیکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملوں کی مذمت

دہشت گردوں کے حملے میں پاک فوج کے بہادر سپوتوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

شمالی وزیرستان میں خودکش حملوں کے نتیجے میں 7 افسران و جوانوں کی جانوں کے ضیاع کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں،

دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی کا جواں مردی سے مقابلہ کرنے پر سیکیورٹی فورسز کے بہادر جوان خراج تحسین کے مستحق ہیں،

سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا،

دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کیلئے پاکستانی قوم اور افواج کے بہادر جوانوں نے تاریخی قربانیاں پیش کی ہیں،

ملک بھر خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں اٹھنے والی دہشت گردی کی نئی لہر حکمرانوں سے مؤثر اور ٹھوس حکمت عملی کے نفاذ کا تقاضا کرتی ہے،

دہشت گرد اور فتنہ پرور عناصر بزدلانہ کارروائیوں سے ملک کو داخلی عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں،

پاکستانی قوم ملک دشمن عناصر کے خلاف اپنی افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور مکمل اتحاد اور ثابت قدمی سے اندرونی و بیرونی دشمنوں کو شکست فاش دینے کیلئے پرعزم ہے،

حملے میں قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے بلندی درجات اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتے ہیں،

امن عامہ کی بحالی اور دہشت گردی کے تدارک کیلئے فوری اور مؤثر پالیسی اقدامات کرتے ہوئے ملک دشمن عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ